# امام جمعہ کی شرائط

## امام جمعہ کی شرائط

مسئلہ۷۷۰۔ امام جماعت کے لئے معتبر تمام شرائط جیسے کہ عدالت، امام جمعہ میں بھی ضروری ہیں۔

مسئلہ۷۷۱۔ اگر امام جمعہ کی اقتدا کے دوران اس کی عدالت پر اطمینان تھا اور نماز کے بعد اس کی عدالت میں شک کرے یا عدم عدالت کا یقین ہوجائے تو جن نمازوں میں اقتدا کی ہے صحیح ہیں۔

مسئلہ۷۷۲۔ اگر کسی شخص کو نماز جمعہ کی امامت کے لئے متعین کرنا اس کی عدالت پر ماموم کے اطمینان اور وثوق کا باعث ہو تو اس کی اقتدا صحیح ہونے کے لئے کافی ہے۔